میں اللھم اجعلنی، ساتویں باب میں اللھم سے آغاز ہونے والی دعائیں جمع کردی ہیں، قرآن وحدیث سے یہ دعائیں جمع کردی گئی ہیں۔ آٹھواں باب صلوٰۃ وسلام پر مشتمل ہے، نواں باب صلوٰۃ التسبیح ادا کرنے کے طریقے پر مشتمل ہے۔ آخر میں حوالہ جاتی کتب کی فہرست، عربی، اردو، فارسی میں جمع کردی ہیں۔ جس سے کتاب کا درجہ استناد ثابت ہوتا ہے۔

کتاب کا نام : **اقوام متحدہ کے زیراہتمام بین الاقوامی (سیمینار سے خطاب، ۳نومبر ۲۰۰۸ء)**

مولف/مصنف کا نام: **سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو**

ناشر: **جمعیت علماء سندھ**

قیمت وصفحات: **قیمت درج نہیں، صفحات ۲۸**

ڈاکٹر خالد سومرو کا شمار سندھ کے بڑے خطیب وسیاستدان کی حیثیت سے ہوتا ہے، آپ نے ۳،۴،۵، نومبر ۲۰۰۸ء کو اقوام متحدہ کے زیراہتمام انسانی حقوق کے حوالہ سے جنیوا سوئزرلینڈ میں منعقدہ بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کیا تھا، یہ خطاب انگریزی میں ہے، جس کے انگریزی متن کا اردو اور سندھی میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

خطاب میں تاریخ حقوق، مسلم ممالک فلسطین، افغانستان، صوبہ سرحد پر حملوں کی مذمت، اہانت رسول ڈاکٹر عافیہ پر ظلم، اہانت قرآن، دہشت گردی اور گوانتا موبے وغیرہ کے امریکی ٹارچر سیلوں کے خاتمہ کا مطالبہ کیا گیا۔ مجلّہ میں کمپوزنگ کی غلطیاں دور کرنے کی ضرورت ہے مثلاً پہنچا کی جگہ پھونچا بھی کی جگہ بہی بہکانے کی جگہ بہگانے وغیرہ۔ یہ ایک اچھی کوشش ہے، علماء کرام کو ہر اسٹیج سے آواز اٹھانی چاہئے تاکہ غیر مسلم دنیا تک صحیح پیغام پہنچایا جاسکے۔

سہ ماہی مجلّہ الفرید کا ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل جون ۲۰۰۸ء پر تبصرہ

تبصرہ نگار: مولانا امداد اللہ حقانی

میرے سامنے ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل کا شمارہ نمبر ۷ ہے جو کہ سیرت النبی ﷺ